© rasailojaraid.com

**اخبار اُردو قومی یک جہتی نمبر** ادارۂ: ڈاکٹر وحید قریشی اور ان کے معاونین - ناشر: مقتدرہ قومی زبان، اسلام آباد - پتہ: شمالہ اعوان پلازہ، ۱۶ - ڈی (مغربی)، بلیو ایریا الیف ۶/۱ اسلام آباد قیمت: -/۱ روپیہ، سالانہ دس روپے - قیمت بہت ارزاں ہے - بڑے سائز کا رسالہ - ۴۲ صفحات - رنگین ٹائیٹل -

یہ رسالہ اُردو کے فروغ اور نفاذ کے قیام کے لیے قائم شدہ مشہور ادارے "مقتدرہ قومی زبان" کا ترجمان ہے - اس میں قومی زبان کے سلسلے میں احوال و واقعات، دفتری، تعلیمی، عدالتی اور کاروباری ترقیات، نیز خود اُردو کی اہمیت اور اس کے خاص خاص مسائل پر اچھے مقالات شائع ہوتے ہیں -

قومی یک جہتی نمبر میں ۶ مقامات ــــ میانوالی، لاہور، پشاور، کوئٹہ، ایبٹ آباد اور کراچی میں ہونے والے ان مذاکرات کی روئیدادیں چھپی ہیں - جن میں قومی یک جہتی کے مسئلے کو قومی زبان اُردو کے حوالے سے زیر بحث لایا گیا - بحثوں کے شرکا فاضل اور دانشور لوگ ہیں - ان مذاکروں سے پڑھے لکھے طبقوں کے احساسات کا انعکاس بھی ہوتا ہے -

آخر میں کچھ تبصرے بھی شامل ہیں -

---

**حرمت ــ یوم آزادی نمبر** ایڈیٹر زاہد ملک دفتر: علی اکبر ہاؤس، مرکز جی/۸ اسلام آباد قیمت فی شمارہ -/۵ روپے - سالانہ: -/۲۱۰ روپے

یہ جدید طرز کا ہفت روزہ ہے - سیاسی احوال کے مختلف پہلو اس کے اوراق میں آتے ہیں - قومی نقطۂ نظر غالب ہے - دینی جذبہ کی رُوح بھی جھلکتی ہے - حرمت نے کچھ اچھی قدروں کا تحفظ کیا ہے - اس وقت یوم آزادی نمبر سامنے ہے - پاکستان اور نظریہ پاکستان، احوال پاکستان، تحریک آزادی اور اس کا پس منظر ایسے موضوعات ہیں جن پر بہت سے ممتاز اصحاب کے خیالات اس نمبر میں ملیں گے - خاص طور سے وہ مذاکرہ بڑا اہم ہے - جو فکری انتشار پیدا کرنے کی کوششوں کا تدارک کرنے کے متعلق شاملِ اشاعت ہے - یہ مذاکرہ جو کئی صفحات پر پھیلا ہوا ہے، وقت

© rasailojaraid.com